# کلمہ طیبہ ستر ہزار بار پڑھ کر ایصال ثواب کرنا

**مجیب:** ابو شاهد مولانا محمد ماجد علی مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3778

**تاریخ اجراء:** 01 ذیقعدۃ الحرام 1446ھ /30 اپریل 2025ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا ایسی روایت ہے کہ جو کوئی کلمہ طیبہ ستر ہزار مرتبہ پڑھ کر کسی کو بخشے تو وہ نجات پا جائے گا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جی ہاں! ایسی روایت موجود ہے، چنانچہ مرقاۃ المفاتیح میں ہے

”قال الشيخ محيي الدين بن العربي: أنه بلغني «عن النبي صلى الله عليه وسلم أن من قال: لا إله إلا الله سبعين ألفا غفر له، ومن قيل له غفر له أيضا»“

ترجمہ: شیخ محی الدین ابن العربی علیہ الرحمۃ نے فرمایا: مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات پہنچی ہے کہ جو شخص ستر ہزار بار

"لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ"

پڑھے، اس کی مغفرت کر دی جائے گی اور جس کے لئے پڑھا جائے اس کی بھی مغفرت ہو جائے گی۔(مرقاۃ المفاتیح، ج 3، ص 879، دار الفکر، بیروت)

ملفوظات اعلی حضرت میں لکھا ہے ”کلمہ طیّبہ ستر ہزار (70000) مرتبہ مع درود شریف پڑھ کر بخش دیا جائے اِن شآءاللہ پڑھنے والے اور جس کو بخشا ہے، دونوں کے لئے ذریعہ نجات ہو گا اور پڑھنے والے کو دونا ثواب ہو گا اور اگر دو کو بخشے گا تو تگنا اسی طرح کروڑوں بلکہ جمیع مؤمنین ومؤمنات کو ایصالِ ثواب کر سکتا ہے۔ اسی نسبت سے اس پڑھنے والے کو ثواب ہو گا۔ حضرتِ شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک جگہ دعوت میں تشریف لے گئے، آپ نے دیکھا کہ ایک لڑکا کھانا کھا رہا ہے، کھانا کھاتے ہوئے دفعتاً (یعنی اچانک) رونے لگا۔ وجہ دریافت کرنے پر کہا کہ میری ماں کو جہنم کا حکم ہے اور فرشتے اسے لئے جاتے ہیں (اس شہر میں یہ لڑکا کشف میں مشہور تھا)۔ حضرت شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے پاس یہی کلمہ طیبہ ستر ہزار مرتبہ پڑھا ہوا محفوظ تھا آپ نے اُس کی ماں کو

دل میں ایصالِ ثواب کر دیا۔ فوراًوہ لڑکا ہنسا، آپ نے سبب ہنسنے کا دریافت فرمایا، لڑکے نے جواب دیا کہ حضور میں نے ابھی دیکھا میری ماں کو فرشتے جنت کی طرف لئے جارہے ہیں۔ شیخ ارشاد فرماتے ہیں:"اس حدیث کی تصدیق مجھے اس لڑکے کے کشف سے ہوئی اور اس کے کشف کی تصدیق اس حدیث سے۔" (ملفوظات اعلی حضرت، صفحہ139، مکتبۃ المدینۃ، کراچی)

وَ اللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net